سوال

(289) دو سجدوں کے درمیان بیٹھنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دو سجدوں کے درمیان بیٹھتے ہوئے بھی پاؤں کی انگلیوں کا رخ آگے قبلہ کی طرف ہونا چاہیئے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ صورت مستحب ہے واجب نہیں ہے اور میں نے کسی صاحب علم کو نہیں دیکھا کہ اس نے درمیانی اور آخری تشہد میں بیٹھنے کی کیفیت کو واجب کہا ہو، صرف مستحب ہونے میں فرق کیا گیا ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمة اللہ علیہ کے نزدیک دونوں تشہدوں میں پاؤں کا بچھا لینا مستحب ہے۔ امام مالک رحمة اللہ علیہ کے نزدیک دونوں تشہدوں میں سرین پر بیٹھنا مستحب ہے جسے تورک کہا جاتا ہے۔ جبکہ امام احمد اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک تفصیل ہے۔ یوں کہ درمیانی تشہد میں پاؤں بچھا کر بیٹھا جائے اور آخری میں تورک کیا جائے یعنی سرین پر بیٹھا جائے، اور یہ ہی حق ہے جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے ثابت ہے اور امام احمد، ابوداؤد اور بخاری رحمہم اللہ کا مذہب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 254

محدث فتویٰ